لگائیو ضربِ حیدری ... زکی کیفی

مجاہدانِ تیغ زن
تمہارا نام بُت شکن
فدا ہے تم پہ بانکپن
نثار ہے دلاوری

ہَوا کے رُخ کو موڑ دو
غرورِ کُفر توڑ دو
کلائیاں مروڑ دو
بندھے عدو کی تھرتھری

لگاؤ ضربِ حیدری
لگاؤ ضربِ حیدری

تمہاری جنگ دیکھ کر
لہو ترنگ دیکھ کر
غضب کے ڈھنگ دیکھ کر
لرز رہے ہیں منتری

لگاؤ ضرب دم بہ دم
بڑھاؤ اس طرح قدم
زباں سے کہہ اٹھیں صنم
خدا خدا، ہری ہری

لگاؤ ضربِ حیدری
لگاؤ ضربِ حیدری

اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں

WWW.ALKALAM.PK

جدھر بھی تم جھپٹ پڑو
مثالِ برق پھٹ پڑو
عدو سے جب لپٹ پڑو
پڑے صفوں میں اَبتری
لگاؤ ضربِ حیدری

اُڑو فضا میں بے خطر
ملِے نہ کُفر کو مَفر
گراں ہے اک ہزار پر
تمہارا ایک لشکری
لگاؤ ضربِ حیدری

لڑو مجاہد لڑو
بڑھو مجاہد بڑھو
صفِ عدو پہ جا چڑھو
دکھاؤ اپنی برتری
لگاؤ ضربِ حیدری

WWW.ALKALAM.PK

created by:
www.alkalam.pk -- alkalam.weebly.com